اکرام اللہ ساجد

تعارف و تبصرۂ کتب

نام کتاب ———— تعلیمات شاہ احمد رضا خاں بریلوی
مصنف ———— مولانا محمد حنیف یزدانی
ضخامت ———— ۹۶ صفحات
قیمت ———— ۱۰ روپے
ناشر ———— مکتبہ نذیریہ جامع مسجد قبا، چناب بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن لاہور

مولانا محمد حنیف یزدانی کئی کتابوں کے مصنف ہیں، اچھے قلم کار ہونے کے علاوہ ان کا اندازِ بیان نہایت ہی دلنشین ہے۔ زیرِ نظر کتاب انہوں نے اتحاد بین المسلمین کے قابلِ قدر جذبہ کے تحت لکھی ہے۔ خود مصنف نے اس کتاب کا محرّک ان الفاظ میں بیان کیا ہے:

"ہماری دیرینہ خواہش اور کوشش تھی کہ آپس میں مذہبی و اعتقادی اختلافات کو کم سے کم تر کرنے کے لیے اعلیٰ حضرت شاہ احمد رضا خاں صاحب بریلوی کی تعلیمات سے لوگوں کو آگاہ کیا جائے۔ کیونکہ ہمارے مطالعہ و مشاہدہ میں یہ بات خصوصی طور پر آئی ہے کہ فاضل بریلوی کے عقیدت مند مقرّرین و واعظین حضرات اپنی تقریروں میں ایسی باتیں کر جاتے ہیں جو کہ اعلیٰ حضرت کی تعلیمات کے سراسر خلاف ہوتی ہیں، یا ان کی تعلیمات کے مطابق نہیں ہوتیں!"

چنانچہ مصنف نے شاہ احمد رضا خان صاحب بریلوی کی تحریروں کے حوالے نقل کر کے یہ ثابت کیا ہے کہ ان کے عقیدت مند واقعی ان کی تعلیمات کو یکسر فراموش کر چکے ہیں۔ اور اگر وہ ان تعلیمات کو اپنے سامنے رکھیں تو اُن متنازعہ اور اختلافی مسائل میں، جو تفریق بین المسلمین کا باعث ہیں بہت حد تک کمی واقع ہو سکتی ہے۔

دعا ہے کہ اس مستحسن کوشش پر اللہ تعالیٰ مصنف کو اجرِ جزیل عطا فرمائے۔ آمین!

---

(۲)

نام کتاب . . . . ریاض الحسنات